1. 6 یا اس سے زائدہندسونوالوں اعداد کو پڑھنااور لکھنا مقامی قیمت کے تحت لکھتے ہوئے بنیادی اعمال کرنا۔
2. خط عددی پر مثبت اور منفی صحیح اعداد کو استعمال کرتے ہوئےجمع اور تفریق کے اعمال کروانا۔
3. کسر کے اقسام کو سمجھ کردرجہ بندی کرنا۔کسروں کی جمع وتفریق کے مسائل حل کرنا۔
4. تناسب کے اصولوں کا استعمال کرتے ہوئےمسائل حل کرنا۔

5. الجبرائی اظہرات کوبیان کی صورت میں اور بیانات کو الجبرائی اظہارات میں تبدیل کرنا۔
6. متشاکل اشکال میں محور کی شاخت کرنا۔
7. علم لہندسہ کے بنیادی تصورات کو جاننا۔
8. ابعادی اشکال میں 2 اور سہہ البعادی اشکال کی شنا خت کرنا۔
9. علم لہندسہ کے زادلوں کی تشکیل کرنا۔
10. ضابطہ کا استعمال کرتے ہوئےمستطیل اور مربع کا احاطہ اور رقبہ دریافت کرنا۔

## بنیادی صلاحیتیں واکتسابی نکات کو سمجھنے کے لئے کروائی جانے والی سرگرمیاں

### بنیادی صلا حیت نمبر 01 :-

1. ہندسوں کی جھلکی تختیوں کا استعمال کرتے ہوئےہاتھ میں پکڑے ہوئے اعداد کو باآوازبلند کہتے ہوئے تختہ سیاہ پر لکھینگے۔
2. تختہ سیاہ پر لکھئے ہوئے اعداد کو مقامی قیمت کے جدول میں لکھوانا۔
3. اعداد کو تختہ سیاہ پر لکھے ہوئے اعداد کو مقامی قیمت کے جدول میں لکھوانا۔
4. اعداد کو تختہ سیاہ پر لکھواکران اعداد کو استعمال کرتے ہوئےجمع اور تفریق کے مسائل حل کروانا۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 02:-**

1. زمین پر یا تختہ سیاہ پر خط اعدادی کھینچ کر مبدہ، مثبت و منفی صحیح اعداد کی نشاندہی طلباء سے کروائیں۔
2. طلبا و طا لبات کو بلٹین کارڑکے صحیح اعداد دے کر مثبت اعداد ہو ں تو مبدہ ے دائیں جانب اور منفی اعداد ہو تو مبدہ کے بائیں جانب چلنے کے لئے کہیں۔
3. تختہ سیاہ پر خط عداد کے استعمال صحیح اعداد کی جمع اور تفریق کے مسائل حل کروائیں



مثلاً 3+2+      -6+2

(3)کو (7+) میں سے تفریق کرؤ۔

**بنیادی صلاحیت نمبر03**

1. اشیاء کا استعمال کرتے ہوئےمساوی غیر مساوی، کسر واجب، کسر غیر واجب اور مرکب کسر کی وضاحت کیجئے۔

مثلاً:-

2. کسرواجب، کسر غیر واجب،کسر مرکب کے اعدادکےجھلکی تختیاں بنواکر اِن کی درجہ بندی کروانا۔
3. اشیاء کا استعمال کرتے ہوئےکسروں کی جمع، تفریق کے مسائل حل کروائیں

**بنیادی صلاحیت نمبر04**

1. تناسب اور غیر تناسب اعدادکوجھلکی تختیاں تیارکرکےطلباو طالبات کو دیکردرجہ بندی کروانا۔
2. نمو نتاًمسلوں کو تختہ سیاہ پر ہل کرتےہوئےوسطین کا حاصِل ضرب طرفین کے حاصِل ضرب کے مساوی ہوتاہے اسکی وضاحت کرنا۔
3. زبانی طورپر مسائل حل کروانا۔

**بنیادی صلاحیت نمبر05**

1. الجبرائی اظہارات کی جھلکی تختیوں کوطلباء کو دیکرزبانی پڑھوانا۔
2. جھلکی کارڈس کو استعمال کرتے ہوئےمتغیر اور مستقل اعداد کی نشاندہی کروانا۔
3. اشیاء کو استعمال کرتےہوئےتختہ سیاہ پر الجبرائی اظہارات لکھوانا۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 06**

1 چنداشیاء کوطلباسے اکھٹا کرواکران میں متشا کل اشکال کی نشاندہی کرانا۔ مثال:پتّہ، تتلی،پھُول۔

2 آئینہ کا استعمال کرتے ہوئےانگریزی حروفوں کے عکسی متشکل محورکی وضاحت کرنا۔

3 بہت سارےاشکال یا اشیاء میں عکسی متشکل محور کو طلباء و طالبات شناخت کرنےمیں مدد اور رہنمائی کرنا۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 07**

1. طلباء کو چند منحنی خطوط اور مستقیمی خطوط والے اشکال دے کر درجہ بندی کروانا۔
2. زویہ بنانے والے چندخاکہ دے کر داخلی حصّہ اور بیرونی یا خارجی حصّہ کی شناخت کروانا۔



3. علم الہندسہ کے اشکال کے متعلق طلبا سے کوئز کروانا۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 08**

1 اسکیل اور پرکارکی مددسےقطعہ خط اور شعاع کو تختہ سیاہ پرطلباء کو مختلف پیمائش کے خطوط کھینچوانا۔

2 مختلف قسم کے اقسام کے زاویہ کے خاکےدئے کر طلباء کو نام کہلوانا۔

3 گھڑی کا نمونے میں منٹ اور گھنٹے کی سوئی کے درمیان بننے والے زاویوں کی شناخت کروانا۔

4 روزہ مرہ زندگی میں دستیاب ہونے والی دوابعادی اور سہ ابعادی اشکال کواکٹھا کر کےاُن کے نام کہلوانا اور انہیں درجہ بندی کروانا۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 09**

1. تختہ سیاہ پر طلباء کو پرکار کی مد سے خط کھینچنے کی صلاحیت ابھارنا۔
2. A نقطہ کو مرکز مان کر زاویہ کی تشکیل کروانا۔
3. پٹی اور پرکار کی مدد سے قطعہ خط کھینچوانا اور پرکار کی مدد سے قو س اور ناصف کھینچنے کی صلاحیت ابھارنا۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 10:-**

1. طلباء کو مختلف شکل دکھلا کر ان کے نام دریافت کرائیں۔
2. مربع اور مستطیل کے خاکہ بناکر طلباء سے ان کی خصوصیات کے متعلق سوالات کریں اور موازنہ کرائیں۔
3. طلباء جماعتی کمرہ میں موجود مربع اور مستطیل کی شکلوں والے اشیاء کا احاطہ تاگے سے ناپیں او ان کو صحیح اکائی سے کہیں۔
4. مربع اور مستطیل کے احاطہ اور رقبہ کے ضابطے کا چارٹ بنائیں۔
5. ضابطہ کے تحت معّلم چند مسائل کو مرحلہ وار حل کریں گے اور طلباء کی غلطیوں کی اصلاح کریں گے۔

# قبل از جانچ آزمائش میں استعمال ہونے والے نمونتاً سوالاتُ:۔

**بنیادی صلا حیت نمبر 01 :-**

1. 6,54,582 کو الفاظ میں لکھو
2. نو لاکھ اڑسٹھ ہزار آٹھ سو نوئے کو اعداد میں لِکھو
3. 88,64,990 کو مقامی قیمت کے جدول میں لکھئے



4. امجد ایک کھیت کو 8,96,651 رُوپیوں میں خرید کر 10,64,79 رُوپیوں میں فروخت کرتا ہے تو امجد کو حاصِل ہونیوالا نفع معلوم کرؤ۔
5. جمع کرؤ۔ 8644+975623+593

**بنیادی صلاحیت نمبر 02**

1. خطِ عددی کا ابترائے نقطہ کونسا ہے؟
2. خط عددی پر 4-سے 4+ کے درمیان پائے جانعوالے اعداد لِکھو
3. 4-9+2-4+3-2+6+ اِن اعداد کو مثبت ومنفی صحیح اعداد میں درجہ بندی کیجئے۔
4. خط اعددی پر 4+اور 3+ کا حاصِل جمع معلوم کرؤ
5. 2+11- اور 11+2-کیا یہ دونوی مساوی ہیں جانچ کرؤ۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 03**

1. کسروں کے اقسام کونسے ہیں لکھئے۔
2. کسر غیر واجب کو کسر مرکب میں تبدیل کیجئے۔ 17/4 26/7
3. تفریق کیجئے:۔ 2 ¾-1 ¼
4. ایک تہیلی میں ¼ کلو گرام شکر اور ½ کلو گرام چاول اور ¾ کلو گرام دال ہوتو تہیلی کا کل وزن کیا ہوگا؟
5. صعودی یا بڑھتی ترتیب میں لکھئے۔ 3/15, 10/15, 7/15, 6/15

**بنیادی صلاحیت نمبر04**

1. 6اور 2,3,4 تناسب میں ہیں یا نہیں جانچ کیجئے۔
2. 4:x::5:15 میں x کی قیمت دریافت کیجئے

3. 5 کلو گرام شکر کی قیمت 160 رُوپئے ہوتو 8 کلوگرام شکر کی قیمت کیا ہوگئی؟
4. تناسب کا اصول لکھئے۔
5. ایک مزدور 5 دنوں میں 500 روپئے کماتا ہے تو 2000 رؤپئے کمانے کے لئے اسکو کتنے دِن کام کرنا ہوگا۔

**بنیادی صلاحیت نمبر05**

1. x+5-10 میں متغیر عدد کی نشاندہی کیجئے۔

Page 4

2. درج ذیل اظہارات کو الفاظِ بیان میں لکھئے x+2 8a-3
3. P کو 4 سے ضرب دیکر حاصِل ضرب کو 6 جمع کیا گیا ہے۔ اس بیان کو الجبرائی اِظہارمیں لکھئے۔
4. 2n-3yمیں منفی علامت رکھنے والا الجبرائی عدد کونسا ہے لکھئے؟
5. m– میں سے 6 کو تفرق کیا گیا ہے اس بیان کو الجرائی اِظہار میں لکھئے۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 06**


1. عکسی متشکل سے کیا مُراد ہے؟
2. Y اور M میں متشکل محور کھینچئے
3. دائرے کا خاکہ کھینچ کر ممکن تعداد میں متشکل محور رکھنے والے انگریزی کے کوئی دو حروف لکھئے
4. 0 تا 9 تک کے ہندسے لکھئے جو مُتشکل محور لکھتے ہیں؟

**بنیادی صلاحیت نمبر 07**


1. درج ذیل کو خط، قطعہ خط اور شعاع میں درجہ بندی کرو؟

a) PQ b)PQ c) AB d) LM e) MN


2. اپنی پسند کا ایک زاویہ کھینچکر داخلی حصّہ کو خط کشیدہ کیجئے؟
3. دئے گئے خاکہ میں راس زاویہاور اضلاع کے نام بتائے۔




4. دئے گئے △ABC میں اور B راسوں کے مقابل اضلاع کونسے ہیں





5. دئے گئے خاکہ میں مرکز وتر نصف قطہ اور قطہ کے نام بتائے؟





**بنیادی صلاحیت نمبر 08**

1. $30^0$, $40^0$ اور $110^0$ پیمائش کا مثلث کا نام بتائیے؟



2. دئے گئے مثلث کی قسم بتائیے؟
3. درج ذیل کے اور ایک نام بتائیے: منظم مربع منظم مثلث
4. دوابعاد اور سہ ابعاد کے کوئی دو فرق لکھئیے؟
5. جوڑ لگاؤ:-

| | |
|---|---|
| گیند | مخروط |
| پانی کا پائپ | کُرہّ |
| اینٹ | مکعب |
| پا نسہ | مکعب نما |
| جو کر کی ٹوپی | استوانہ |

**بنیادی صلاحیت نمبر 09:-**

1. $45^0$ کے زاوئے کو چانے کی مدد سے تشکیل کرو؟
2. $120^0$ کے زاویہ کو پرکار اور پٹی کی مدد سے تشکیل کرو؟
3. دی گئی قطعہ خط پر B نقطہ پر 68 زاویہ کی تشکیل پر کار کی مدد سے کھینچئیے؟
4. دی گئی خط پر $90^0$ کا زاویہ S نقطہ پر تشکیل کیجئیے؟

**بنیادی صلاحیت نمبر 10**

1. مستطیل کا احاطہ دریافت کرنے کا ضابطہ لکھئیے
2. مربع کا احاطہ دریافت کرنے کا ضابطہ لکھئیے
3. 5 سم ضلع والے مربع کا رقبہ دریافت کرؤ
4. 3 سم لمبائی اور 2 سم چوڑائی والے مستطیل کا رقبہ دریافت کرؤ
5. روز مّرہ زندگی میں مربع اور مستطیل کی شکلوں کی مثالیں لکھئیے۔

# قبل از اور ما بعد آزمائش میں استعمال ہونے والے نمونتاً سوالاتُ:۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 01**

1. 81,39,552 کو الفاظ میں لکھو؟
2. پچیس لاکھ ونہتّر ہزار تین سو بیس کو اعداد میں لکھو۔
3. نسرت کےباغ میں 6 ناریل کے درخت ہیں اگر ہر یک درخت میں 93 ناریل ہوں تو کُل کِتنے ناریل ہونگے۔

4. مسیحا کے نا نا نے 15,54,292=00 رُوپئے بینک میں ڈپازٹ کرینگے تو 6 سال بعد اِن کو جملہ 30 لاکھ چوسٹھ ہزار آٹھ سو اٹھانوے روپئے حاصِل ہونگے تو اِن کو کِتنا نفع حاصِل ہوگا۔
5. جمع کرؤ-9920601+8946523

**بنیادی صلاحیت نمبر 02**

1. کونسا عدد ہے جو نہ منفی ہے نہ مثبت؟
2. خط عددی پر 3- سے 3+ کے درمیان پائے جانیوالے اعداد لکھو۔
3. 4+9-2-2+4-3+6-2- اِن اعداد کو مثبت و منفی صحیح اعداد میں درجہ بندی کیجئے۔
4. خطاعددی کو مددسے 6+15- اور 15-6+ کو جمع کرؤ۔
5. 6+15- اور +15-6+ کیا یہ دونوں مساوی ہیں جانچ کرؤ۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 03**

1. کسر مرکب کو کسر غیر واجب میں تبدیل کرؤ۔ 2 ¾ 3 ½
2. نزولی یا گھٹتی ترتیب میں لکھئے۔ 7/8, 1/8, 4/8, 6/8
3. دُودھ والا 6 لیڑ دوُدھ میں سے ½ 2 لیڑ دوُدھ گھر کے واسطے میں استعمال کرتا ہو تو بقیہ دُودھ کی مقدار معلوم کیجئے۔
4. جمع کرؤ:-3/5 3+ 1 2/5
5. ہم مساوی کسروں کی ایک مثال دیجئے:-

**بنیادی صلاحیت نمبر 04**

1 درج ذیل میں طرقین اور وسطین الگ کیجئے۔ 6::4:8
5:3::2D:12

2 درجہ ذیل جھلکی تختی میں استعمال کرتے ہوئے تناسب میں پائے جانیلوالےجھلکی تختیوں کو جوڑ لگاؤ 8:16 2:3
1:5 4:6
4:8 10:50

3 6 درجن کیلوں کی قیمت 150 روپئے ہو تہ 2 درجن کیلوں کی قیمت کیاہوگئ۔
4 15 میڑ کُڑے کی قیمت 825 روپئے ہو تو 550 روپیونمیں کتنے میڑ کپڑا خرید سکتے ہیں
5 4:12::5:x ہو تو x کی قیمت دریافت کیجئے۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 05**


1 y/7=0 میں متغیر عدد کی نشاندہی کیجئے۔
2 P کو 4 سے ضرب دیکر حاصل ضرب میں سے 15 کو تفریق کیا گیا ہے۔ اس بیان کو الجبرائی اِظہار میں لکھئے۔
3 7P+3=10 الجبرائی اِظہار کو بیان کی صورت میں لکھئے۔
4 0x 8a-3 الجبرائی اظہار میں مثبت علامت رکھنے والا الجبرائی عدد کو شاہے لکھئے۔
5 Y کو 7 سے تقسیم کیا گیا ہے۔ اس بیان کو الجبرائی اظہار میں لکھئے۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 06**

1 عکسی مُشکل پائی جانیوالے دوابعدی اشکال کی مثالیں دو۔
2 T اور K میں متشکل محور کھینچئے۔
3 مساوی الاضلاع مثلث میں کتنے متشکل خطوط کھینچے جاسکتے ہیں۔
4 دو متشکل محور رکھنے والے 12 انگریزی حروف لکھئے۔
5 0 تا 9 تک کے ہندسے لکھئے جو متشکل محور رکھتے ہوں۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 07**

1 0B شعاع اور XY قطعہ خط کھینچئے۔
2 دی گئی شکل میں نقط کی شناخت کیجئے۔



بندخاکہ کا داخلی حصّہ
بند خاکہ کا خارجہ حصّہ
بند خاکہ کے حدود

3 آپ کی پسند کا زاویہ کھینچکر داخلی حصّہ کو رنگ کیجئے اور راسد ضلعوں کی نام لکھئے۔
4 ایک مثلث کھینچکر اس کے راس ضلعے ار زاویے لکھئے
5 5.4 سم قطہ کا دائرہ کھینچکر نصفہ قطہ، قطہ کی نشاندہی کیجئے۔

**بنیاد صلاحیت نمبر 08:-**

قبل از جانچ کےسوالا ت ہی لکھوا ئیں۔

**بنیاد صلاحیت نمبر 09:-**

قبل از جانچ کےسوالا ت ہی لکھوا ئیں۔

**بنیاد صلاحیت نمبر 10:-**

1 مستطیل کا رقبہ دریافت کرنے کا ضابطہ لکھئے۔
2 مربع کا رقبہ درافت کرنے کا ضابطہ لکھئے
3 16 سم لمبائی اور 12 سم چوڑائی والے مستطیل کا احاطہ دریا فت کرو ۔
4 6 سم ضلع والے مربع کا رقبہ دریافت کرو
5 4 سم لمبائی اور 6 سم چوڑائی والے مستطیل کا رقبہ دریافت کیجئے۔